499

آیات نمبر 7 تا 10 میں ضعیف الایمان مسلمانوں کو اللہ کے رسول کی اطاعت کرنے اور منکرین کے خلاف جنگ کی تیاری کے لئے اپنا مال خرچ کرنے کی ہدایت۔ اس مشکل وقت میں اپنا مال خرچ کرنے اور جہاد کرنے والوں کے لئے بہت بڑے اجر کی بشارت۔

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ اللہ اور
اس کے رسول پر ایمان لے آؤ، اور اس مال میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرو، جس
مال کا تمہیں امین بنایا گیا ہے، کہ اس مال کا اصل مالک تو اللہ ہی ہے، تمہیں محض امانت کے
طور پر دیا گیا ہے تاکہ تمہاری آزمائش کی جاسکے۔ چونکہ یہ دنیاوی زندگی امتحان ہے، اس لئے
تمہیں یہ اختیار دیا گیا ہے، کہ خواہ اس مال سے اس مختصر دنیاوی زندگی کی نعمتیں خرید لو، جو بہر جلد
ہی ختم ہو جائیں گی، خواہ یہ مال اللہ کی راہ میں خرچ کر کے، جنت کی نعمتیں خرید لو جو ہمیشہ ہمیشہ باقی
رہیں گی فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝٧ پس تم میں
سے جو لوگ ایمان لے آئیں اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کریں ان کے لیے بہت بڑا
اجر ہے وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا
بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٨ اور تمہیں کیا ہو گیا
ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے؟ حالانکہ رسول [صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ] تمہیں دعوت دے رہے
ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لے آؤ اور بیشک اللہ تم سب سے پختہ عہد لے چکا ہے،
اگر تم واقعی ماننے والے ہو [جب آپ کے رب نے بنی آدم کی پشتوں سے ان کی تمام اولاد کو
نکالا تھا اور انہیں خود ان کے اوپر گواہ بنا کر پوچھا تھا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ تو ان سب
نے جواب دیا کہ بے شک تو ہی ہمارا رب ہے، ہم سب اس بات کی گواہی دیتے ہیں

:سورۃ الاعراف [7:172]

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ
لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۹﴾

وہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندے پر واضح آیات نازل کرتا ہے تاکہ تمہیں تاریکیوں سے
نکال کر روشنی کی طرف لے جائے اور یقیناً اللہ تم پر بڑا شفیق اور ہر وقت رحم کرنے
والا ہے

وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لِلّٰهِ مِیْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ

آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمانوں اور
زمین میں جو کچھ ہے اس کا اصل وارث اور مالک تو اللہ ہی ہے

لَا یَسْتَوِیْ مِنْكُمْ
مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ

جن لوگوں نے منکرین کے خلاف مکمل
کامیابی اور فتح سے قبل اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کیا اور جہاد کیا وہ بعد والوں کے برابر
نہیں ہو سکتے

اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ
قٰتَلُوْا ؕ

یہ لوگ مرتبہ و درجہ کے اعتبار سے ان لوگوں سے بہت بلند ہیں جو اس فتح
کے بعد اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کریں گے اور جہاد کریں گے

وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ
الْحُسْنٰی ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿ع ۱۰﴾

البتہ اللہ نے دونوں ہی سے بہت اچھے
اجر کا وعدہ فرمایا ہے اور اللہ تمہارے کئے ہوئے اعمال سے پوری طرح باخبر ہے

فتح سے
مراد فتح مکہ کی شکل میں مشرکین کے خلاف مکمل کامیابی ہے رکوع [۱]

[# 499]

Verses 7 to 10 instruct the weak in faith among the Muslims to obey the Messenger of Allah and to spend their wealth in preparation for battle against the disbelievers. Those who spend in this time of hardship and strive in the cause of Allah are given the glad tidings of a great reward.

اٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاَنۡفِقُوۡا مِمَّا جَعَلَكُمۡ مُّسۡتَخۡلَفِيۡنَ فِيۡهِ‌ؕ

Believe in Allah and His Messenger, and spend [in the cause of Allah] from that wealth over which He has made you trustees.

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ اَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ۝۷

So those among you who have thus believed and spent [in the cause of Allah] – for them is a great reward [awaiting in the Hereafter].

وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۝۸

So, what is it with you [O human beings!] that you do not believe in Allah, while the Messenger calls you to believe in your Lord, while [Allah Himself] has already taken a firm covenant from you, if you are truly believers?

When your Lord brought forth from the loins of the children of Adam their descendants and made them bear witness over themselves, [saying], "Am I not your Lord?" They said, "Yes, indeed, we bear witness." [Surah Al-A'raf 7:172]:

هُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ
الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝٩

He is the One, Who sends down upon His servant, [Muhammad] clear verses [of Quran] to bring [all of] you out from [the veils of] darkness into the light [of faith and guidance]. For, indeed, Allah is Most Kind and Ever Merciful to you.

وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ

Then what is with you [O, believers] that you do not spend in the cause of Allah, while to Allah [alone] belongs the heritage of the heavens and the earth?

لَا يَسْتَوِىْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ

They are not equal [in the sight of Allah]--Those of you who spent their wealth [in the cause of Allah] before the victory [over the disbelievers of Makkah] and fought–[and those who did so afterwards.]

اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ

They are far higher in rank and status than those who spent their wealth and fought [after the victory].

وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾ ع

رکوع[۱]

Yet, Allah has promised all of them, a most excellent reward [in Hereafter]. And Allah is all-aware of all that you do.